UNCIL OF PAKISTAN

چیف ایڈیٹر، سید زید

جلد نمبر = 9 | ہفتہ 12 اپریل 2025ء 13 شوال 1446ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر: 343


# چیئرمین بلدیہ ٹاؤن کی زیرِ صدارت پانی وسیوریج کے مسائل کے حل کے لیے اہم اجلاس

## عبدالکریم آسکانی کا ٹاؤن میں پینے کے پانی کی عدم فراہمی، کم پریشر اور کھلے مین ہولز کے مسائل پر سخت تشویش کا ظہار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن بلدیہ کے چیئرمین جناب عبدالکریم آسکانی کی زیرِ صدارت آج ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلدیہ ٹان میں بڑھتے ہوئے پینے کے پانی اور سیوریج کے مسائل پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں واٹر اینڈ سیوریج بورڈ ضلع کیماڑی کے مختلف محکموں سے تعلق رکھنے والے اعلیٰ افسران اور انجینئرز نے شرکت کی، جن میں غلام محمد حب SE) ڈسٹرکٹ کیماڑی(، مشتاق احمد) ایکسین E&M کیماڑی(، اصغر علی مغل )ایکسین واٹر اینڈ سیوریج بلدیہ (، انجینئر عارف، انجینئر آصف علی، انجینئر کامران، سپروائزر اقبال، سپروائزر اویس احمد، ایکسین ایچ ٹی ایم KWSC اور دیگر شامل تھے۔ اس کے علاوہ بلدیہ ٹان کی مختلف یونین کونسلوں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین بھی اجلاس میں موجود تھے، جن میں چیئرمین ایجوکیشن کمیٹی حنیف خان سواتی چیئرمین عارف تنولی، وائس چیئرمین خالد نیازی، وائس چیئرمین رحیم شاہ، وائس

کے مسائل پر سخت تشویش کا ظہار کیا اور واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے افسران کو فوری اور مؤثر اقدامات کی ہدایت دی۔ واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے افسران نے چیئرمین کو یقین دہانی کرائی کہ جہاں کہیں رنگ کور، رنگ سلپ یا دیگر سیوریج سے متعلق ضروری سامان درکار ہوگا، فوری طور پر فراہم کیا جائے گا۔ مزید یہ کہ آئندہ چلنے والا پانی کاٹن فل پریشر کے ساتھ فراہم کیا جائے گا، جس کی نگرانی متعلقہ انجینئرز خود کریں گے۔ اجلاس میں منتخب یوسی چیئرمینز اور وائس چیئرمینز نے بھی اپنے علاقوں کے مسائل کی نشاندہی کی، جن پر KWSB کے نمائندوں نے فوری ایکشن لینے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا وعدہ کیا۔ اجلاس کے اختتام پر سابق ایکسین بلدیہ ٹان، ضلع کیماڑی جناب امداد حسین گمسی صاحب کے ایصالِ ثواب کے لیے دعائے خیر بھی کی گئی۔ تمام شرکا نے مرحوم کے بلند درجات اور مغفرت کے لیے دعا کی اور ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ چیئرمین بلدیہ ٹان جناب عبدالکریم آسکانی نے